21دسمبر2012ء

5روپے کے منسوخ شدہ نوٹ کی تبدیلی کی آخری تاریخ 31دسمبر ہے

کراچی،21دسمبر:اسٹیٹ بینک بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تمام دفاتر اور کمرشل اور مائیکروفنانس بینکوں کی شاخوں سے پانچ روپے کے منسوخ شدہ نوٹ تبدیلی کے لیے دس روز باقی رہ گئے ہیں۔

31دسمبر2012ء کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن نہ تو پانچ روپے کا منسوخ شدہ نوٹ تبدیل کریں گے اور نہ ہی کسی بھی شخص یا ادارے کو اس نوٹ کی کوئی قیمت ادا کریں گے۔

اسٹیٹ بینک تمام بینکوں کو کہہ چکا ہے کہ وہ رواں سال کے آخر تک پانچ روپے کے منسوخ شدہ نوٹوں کی تبدیلی کے سلسلے میں عوام کو سہولت فراہم کرنے کے لیے اپنی تمام برانچوں کو ضروری ہدایات جاری کریں۔

اسٹیٹ بینک نے ایک بار پھر عوام کو ہدایت کی ہے کہ ایس بی پی بی ایس سی کے دفاتر اور ملک بھر میں بینکوں کی 11,000 سے زائد برانچوں سے 31دسمبر2012 تک بینکاری اوقات کے اختتام تک پانچ روپے کا نوٹ تبدیل کرالیں۔

واضح رہے کہ وفاقی حکومت پانچ روپے کا نوٹ پہلے ہی منسوخ کر چکی ہے اور یہ نوٹ لیگل ٹینڈر کے طور پر استعمال نہیں کیا جاسکتا۔5روپے کا نوٹ 31دسمبر2012 تک (بینکاری اوقات ختم ہونے سے پہلے) صرف تبدیل کرایا جاسکتا ہے۔

☆☆☆